Mention the full qs statement for proper evaluation. Without that these are just notes and cannot be awarded marks



# اسلام

اسلام ایک مکمل دین ہے جو زندگی کے تمام پہلوؤں کا احاطہ کرتا ہے۔ یہ اللہ کے احکامات کی پیروی کرنے اور انسان کی روحانی، اخلاقی اور جسمانی فلاح کے لیے ہدایت فراہم کرتا ہے۔

## لغوی معنی:

اسلام عربی زبان کا لفظ ہے اور "سلم" سے ماخوذ ہے جسکا مطلب ہے "سلامتی" یا "امن"۔ لغوی طور پر اسلام کا مطلب ہے اللہ کے سامنے سر تسلیم خم کرنا اور مکمل امن اور سکون کے ساتھ زندگی گزارنا۔

حدیثِ نبوی ہے:

"بہترین مسلمان وہ ہے جسکی زبان اور ہاتھ سے دوسرے مسلمان محفوظ رہیں۔"

## اصطلاحی معنی:

اسلام کا اصطلاحی معنی ہے کہ اسلام ایک ایسا دین ہے جو اللہ کے حکموں کی مکمل اطاعت پر مبنی ہے۔ اسکا مطلب ہے اللہ کے احکامات پر عمل پیرا ہونا اور اسکے نبی محمدؐ کی سنت پر چلنا اور اسکے دیے گئے اصولوں کو اپنی زندگی کا حصّہ بنانا۔

کائنات کی ہر چیز خواہ جاندار ہو یا بے جان، اللہ تعالیٰ کی مطیع وفرمانبردار ہے۔ ہر چیز اللہ تعالیٰ کے مقررہ وقت کے تحت چل رہی ہے اور اس نظام ہستی کے خلاف ذرہ برابر بھی جنبش نہیں کر سکتی۔

Try to add the Arabic of quranic ayats

ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔

"آسمانوں اور زمین میں جو بھی ہے اسکی تسبیح بیان کرتا ہے۔"

(النور)

Add more detail in this part of the answer

## اسلام کی نمایاں خصوصیات:

**(۱) توحید:** (یکتائیت پرستی)

اسلام کا سب سے بنیادی عقیدہ، عقیدۂ توحید ہے یعنی اللہ کو ایک ماننا

اور کسی کو اسکا شریک نہ ٹھہرانا۔

قرآن میں اللہ فرماتا ہے۔ "

"قل ھو اللہ احد ۞ اللہ الصمد ۞ لم یلد ولم یولد ۞
ولم یکن لہ کفواً احد ۞"

"کہہ دو کہ وہ اللہ ایک ہے۔ اللہ بے نیاز ہے، نہ اسکا کوئی بیٹا ہے اور نہ وہ کسی کا بیٹا ہے اور کوئی اسکا ہمسر یا ثانی نہیں۔"

## (ii) رسالت:

اللہ تعالیٰ نے انسانیت کی رہنمائی کے لیے ایک لاکھ چوبیس ہزار پیغمبر بھیجے جن میں نبی حضرت محمد ﷺ آخری نبی ہیں۔

ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

(لوگو!) تمہارے مردوں میں کسی کے باپ محمد ﷺ نہیں
لیکن آپ اللہ کے رسول ہیں اور تمام نبیوں کے ختم کرنے
والے ہیں۔
(الاحزاب: ۴۰)

معروف مورخ اور فلسفی ول ڈیورانٹ نے کہا:

"محمد ﷺ تاریخ کے سب سے کامیاب ترین مذہبی رہنما تھے۔"

## (iii) آخرت پر ایمان

Discuss all the beliefs system under a single argument

اسلام آخرت پر ایمان رکھنے کی تعلیم دیتا ہے یعنی دنیاوی زندگی کے بعد ایک اور زندگی ہوگی جہاں انسان اپنے اعمال کا حساب دے گا جو اس نے اس دنیا میں کئے۔

قرآن میں ارشاد ہے۔

"اور اس دن سے ڈرو جس میں تم سب اللہ تعالیٰ کی طرف لوٹائے جاؤ گے اور ہر شخص کو اس کے اعمال کا پورا پورا بدلہ دیا جائے گا اور ان پر ظلم نہیں کیا جائے گا۔"

portant

iv) نماز:

اسلام میں نماز کی اہمیت بہت زیادہ ہے جو انسان کو اللہ سے جوڑنے کا ذریعہ ہے۔ نماز ہی وہ واحد چیز ہے جو مسلمان اور کافر میں فرق کرتی ہے۔ اور نماز ہمیں فحاشی اور بے حیائی سے روکتی ہے۔

ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

"ان الصلوٰۃ تنھیٰ عن الفحشاء والمنکر

"یقیناً نماز بے حیائی اور برائی سے روکتی ہے۔" (سورۃ العنکبوت: 45)

Do not use one word headings. They should be elaborate and self explanatory

v) اخلاقیات:

اسلام اعلیٰ اقدار کی تعلیم دیتا ہے جیسے کہ دیانت داری، صبر اور انصاف، برداشت، صبر و شکر، استقامت، بہادری، ظلم کے خلاف بولنا، اور اپنے حق کے لیے آواز اٹھانا وغیرہ۔

حدیث نبوی: "ایمان میں سب سے کامل مومن وہ ہے جو سب سے بہتر اخلاق والا ہو اور تم میں سب سے بہتر وہ ہے جو اخلاق میں اپنی عورتوں کے حق میں سب سے بہتر ہو۔" (ترمذی)

ایک اور جگہ فرمایا:

"اخلاق حسنہ لوگوں سے مسکرا کر ملنا ہے، بھلائی کرنا ہے اور دوسروں کو تکلیف نہ دینا ہے۔" (ترمذی)

جدید دسیرچ کے مطابق بھی کسی سے پیار سے بات کرنے سے اسکا آدھے سے زیادہ ذہنی درد کم ہوتا ہے۔

معروف فلسفی کانٹ نے کہا:

"اخلاقیات کے بغیر انسانیت کی کوئی قیمت نہیں۔"

Discuss the ibadats under one argument

vi) زکوٰۃ:

Important

زکوٰۃ اسلام کا بنیادی رکن ہے جو انسان کو اپنی دولت کا کچھ حصہ غریبوں اور ضرورت مندوں کی مدد کے لیے دینے کا حکم دیتا ہے۔ اسلام میں سب بڑی

M☐T☐W☐T☐F☐S☐ H/W☐-C/W☐ Date:........../........./20........

عبادت زکوٰۃ ہے اور زکوٰۃ نہ دینے والوں کے خلاف جہاد کرنے کا حکم دیا گیا ہے جیسا کہ حضرت پہلے خلیفہ حضرت ابوبکر صدیق نے زکوٰۃ نہ دینے والے گروہوں سے جہاد کیا۔

ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

واقیموا الصلوٰۃ واتوا الزکاۃ۔ (سورۃ البقرہ: 43)

اور نمازوں کو قائم کرو اور زکوٰۃ دو۔

جیسا کہ معروف معیشت دان جان مینارڈ نے کہا "غربت کے خاتمے کے لیے دولت کی منصفانہ تقسیم ضروری ہے۔"

## (vii) عدالت اور انصاف:

اسلام انصاف کے قیام کو زندگی کا بنیادی اصول قرار دیتا ہے۔ سود سے پاک معاشرہ، ریاست کو چلانے کا نظام، دوستوں، رشتے داروں اور پڑوسیوں کے حقوق پورے کرنا، بین الاقوامی تعلقات کو بہتر بنانے کی تعلیمات دیتا ہے۔

ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

ان اللہ یامرکم بالعدل والاحسان (سورۃ النحل: 90)

بے شک اللہ تعالیٰ عدل اور بھلائی کا حکم دیتا ہے۔

معروف فلسفی افلاطون نے کہا: "انصاف سماج کے استحکام کی بنا دیتا ہے۔"

اسلام انسان کو انصاف اور مساوات کا حق دار سمجھتا ہے۔ ہر انسان کی حیثیت اللہ کے سامنے برابر ہے اور کسی کو اجازت نہیں کہ وہ دوسروں پر ظلم و ستم کرے۔

ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

ان اللہ یحب المقسطین۔ (الحجرات: 9)

بے شک اللہ تعالیٰ انصاف کرنے والوں سے محبت کرتا ہے۔

One reference is enough for a single argument

## (viii) خدمتِ خلق:

اسلام میں خدمتِ خلق کو بہت بڑی عبادت قرار دیا گیا ہے جاہے وہ

انسانوں کی مدد ہو، جانوروں کی دیکھ بھال ہو یا ماحول کی حفاظت ہو

ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

وتعاونوا علی البر والتقوی (سورۃ المائدہ: 2)

نیکی اور پرہیزگاری کے کاموں میں ایک دوسرے کی مدد کرو۔

خطبہ حجۃ الوداع میں آپ ﷺ نے انسانیت کی تعلیمات دیں، دوسروں کے جان و مال کی حفاظت، رنگ نسل کو فضیلت نہ دینا، علاقائیت پسندی اور ذات پات کی فرق کو ختم کرنے کی تعلیمات دیں۔

طبی خدمات کے حوالے سے

"اور جو شخص کسی ایک کی جان بچالے اس نے گویا تمام لوگوں کو زندہ کر دیا۔" (سورۃ المائدہ: 32)

جانوروں کے حقوق کے حوالے سے:

اونٹ کو پیاسا دیکھنے پر ایک لڑکے کی سرزنش اور ایک کو پیاسی بلی مارنے پر عورت کو جہنم رسید کرنے کے واقعات زیرِ بحث ہیں۔

ماحولیاتی حقوق:

حدیث نبوی ﷺ ہے: "سرسبز درخت لگانا بھی صدقہ جاریہ ہے۔"

حتیٰ کے جنگ کے دوران بھی درخت کاٹنے سے ممانعت کی گئی

اور ایک قول ہے:

"اگر آپ بہتے دریا پر بیٹھے ہوں تو پانی کا ایک قطرہ بھی ضائع نہ کریں۔"

## علم کی طلب:

اسلام میں علم حاصل کرنا فرض ہے اور یہ علم کو نور اور جہالت کو ظلمت قرار دیتا ہے۔ قرآن میں ارشاد ہے۔

قل ھل یستوی الذین یعلمون والذین لا یعلمون۔

Important "بتاؤ تو علم والے اور بے علم کیا برابر ہیں؟" (سورۃ الزمر: 9)

"علم حاصل کرنا ہر مسلمان مرد و عورت پر فرض ہے۔" "علم حاصل کرو چاہے تمہیں چین ہی کیوں نہ جانا پڑے۔"

Add more arguments

M☐T☐W☐T☐F☐S☐ H/W☐-C/W☐ Date:........./........./20.......

معروف سائنسدان ابن الہیثم کہتے ہیں کہ "علم ایک روشنی ہے جو ہمیں اندھیروں سے نکال کر روشنی میں لاتی ہے۔"

## حاصلِ بحث:

اسلام نہ صرف انسان کی روحانی اور اخلاقی فلاح کے لیے ہدایت فراہم کرتا ہے بلکہ انسانی حقوق، جانوروں کے حقوق، ماحول کے حقوق جیسے اہم امور میں رہنمائی دیتا ہے۔ اسلام ایک جامع دین ہے جو زندگی کے ہر پہلو کا احاطہ کرتا ہے اور دنیا اور آخرت میں کامیابی کی راہ دکھاتا ہے۔ اسلام کا پیغام محبت، امن، عدل اور انسانیت کی کے لیے خیر خواہی پر مبنی ہے۔ یہ دنیا کو ایک بہتر جگہ بنانے اور تمام مخلوقات کے درمیان توازن اور ہم آہنگی برقرار رکھنے پر مبنی اصولوں کا نام ہے۔ اسلام کا پیغام امن، انصاف اور فطرت کی قدر کرنے کا ہے جو آج کے دور میں بھی نہایت اہمیت رکھتا ہے۔